# حِزْبُ الدُّعَاءِ

لِلْفَقِيرِ إِلَى عَفْوِ رَبِّهِ وَكَرَمِهِ
مُحَمَّدٍ أَبِي الْهُدَى الْيَعْقُوبي

# حزبِ دعاء

## از: سیدی شیخ محمد الیعقوبی

(اللہ تعالیٰ انکی حفاظت فرمائے)۔

اصل عربی متن اور انگریزی ترجمہ کتاب

*Returning to Allah* سے ماخوذ ہیں| نیز یہ "طریق الدعاء" میں بھی موجود ہے۔

---

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے، جو نہایت مہربان، بہت رحم فرمانے والا ہے۔

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ العَالَمِينَ * الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَذَا
وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ *

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہان والوں کا پالنے والا ہے *
سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمیں اس کی راہ دکھائی
اور ہم راہ نہ پاتے اگر اللہ ہمیں راہ نہ دکھاتا *

اللَّهُمَّ لَكَ الحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ *
وَلِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ *

اے اللہ ! تیرے ہی لیے حمد ہے، جیسا کہ تیرے جلالِ ذات *
اور تیری عظیم قدرت کے شایانِ شان ہے *

سُبْحَانَكَ لَا نُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ *
عَزَّ جَارُكَ * وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ * وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ * وَلَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ *
وَلَكَ العُتْبَى حَتَّى تَرْضَىٰ *
* وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ العَلِيِّ العَظِيمِ

پاک ہے تو۔ ہم تیری حمد کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے خود اپنی حمد فرمائی ہے۔ * تیرا پڑوس باعظمت ہے۔ * تیری حمد بہت عظیم ہے۔ * تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ * اور تیرے (عطا کردہ) خیر کے سوا کوئی خیر نہیں، تیرا حق ہے کہ تو راضی ہو جائے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے۔ * اور اللہ تعالیٰ بلند و عظیم کے سوا نہ کوئی طاقت ہے اور نہ قوت۔

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ *
وَأَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ *
خَاتَمُ النَّبِيِّينَ * وَإِمَامُ الْمُرْسَلِينَ * وَحَبِيبُ رَبِّ العَالَمِينَ *
اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِينَ *

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ * اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں * تمام انبیائے کرام کے خاتم * تمام رسولوں کے امام * اور ربُّ العالمین کے محبوب ہیں۔ اے اللہ ! ان پر، ان کی آل اور تمام صحابۂ کرام پر اپنی رحمتیں، سلامتی اور برکتیں نازل فرما۔

اللَّهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلَهَ إِلا أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ ⁕
وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ⁕
أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ⁕
أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ⁕
فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلا أَنْتَ ⁕

اے اللہ ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا فرمایا اور میں تیرا بندہ ہوں * میں اپنی استطاعت کے مطابق تیرے عہد اور تیرے وعدے پر قائم ہوں۔ * میں اپنے کیے ہوئے اعمال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ * میں اپنے اوپر تیری نعمتوں کا بھی اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی * پس تو مجھے بخش دے، کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔

﴿ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ﴾

اے ہمارے رب ! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے، اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما۔ بے شک، تو بہت بڑا عطا فرمانے والا ہے۔

﴿ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴾

اے ہمارے رب ! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

﴿ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ
وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴾

اے ہمارے رب ! ہمیں دے ہماری بیبیوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

﴿ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ﴾

اے ہمارے رب ! ہم میں اور ہماری قوم میں حق فیصلہ کر اور تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہے۔

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ * وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ *
وَالغَنِيمَةَ مِنْ كُلَّ بِرٍّ * وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلَّ إِثْمٍ *
وَالفَوْزَ بِالجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ *

اے اللہ ! ہم تجھ سے ایسے اعمال کی توفیق مانگتے ہیں جو تیری رحمت کو واجب کردیں * اور تیری مغفرت کا ذریعہ بنیں *نیز ہر نیکی کا اجر * ہر گناہ سے سلامتی * جنت میں داخلہ اور جہنم کی آگ سے نجات مانگتے ہیں۔

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ الهُدَى وَالتَّقَى وَالعَفَافَ وَالغِنَى *
وَنَسْأَلُكَ سَعَادَةَ الدَّارَيْنِ وَكِفَايَةَ هَمِّهِمَا *

اے اللہ ! ہم تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاک دامنی اور بے نیازی کا سوال کرتے ہیں * اور تجھ سے دونوں جہانوں کی سعادت اور دونوں جہانوں کی پریشانیوں سے کفایت و نجات مانگتے ہیں *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ العَفْوَ وَالعَافِيَةَ *
وَالمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ في الدِّين وَالدُّنْيَا وَالآخِرَةَ *
اللَّهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ العَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا *

اے اللہ ! ہم تجھ سے مغفرت اور عافیت کا سوال کرتے ہیں * اور دین، اس دنیا اور آخرت میں دائمی عافیت مانگتے ہیں * اے اللہ ! بے شک تو بہت بخشنے والا ہے اور بخشنے کو پسند فرماتا ہے، پس ہمیں بخش دے *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ إِيْمَانًا دَائِمًا * وَيَقِينًا صَادِقًا *
وَقَلْبًا خَاشِعًا * وَعِلْمًا نَافِعًا * وَلِسَانًا ذَاكِرًا *
وَدُعَاءً مُتَقَبَّلًا * وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ *

اے اللہ ! ہم تجھ سے دائمی ایمان * سچا یقین * خاشع دل *
نفع بخش علم * اپنی یاد میں مصروف رہنے والی زبان *
مقبول دعا * اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتے ہیں *

اللَّهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا ۞ وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا ۞

اللَّهُمَّ اغْفِرْ ذُنُوبَنَا ۞ وَاسْتُرْ عُيُوبَنَا ۞

اللَّهُمَّ اشْرَحْ صُدُورَنَا ۞ وَنَوِّرْ قُلُوبَنَا ۞

اے اللہ ! ہماری پردہ پوشی فرما * اور ہمیں ہمارے خوفوں سے امن عطا فرما *

اے اللہ ! ہمارے گناہوں کو بخش دے * اور ہمارے عیبوں سے درگزر فرما*

اے اللہ ! ہمارے دلوں کو کھول دے * اور ہمارے سینوں کو نورِ ہدایت سے منور فرما*

اللَّهُمَّ أَصْلِحْ لَنَا دِينَنَا الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِنَا ۞

وَأَصْلِحْ لَنَا دُنْيَانَا الَّتِي فِيهَا مَعَاشُنَا ۞

وَأَصْلِحْ لَنَا آخِرَتَنَا الَّتِي إِلَيْهَا مَعَادُنَا ۞

اے اللہ ! ہمارے دین کی اصلاح فرما، جو ہمارے تمام معاملات کی بنیاد ہے *

اور ہماری دنیا کی بھی اصلاح فرما، جس میں ہماری زندگی بسر ہوتی ہے *

اور ہماری آخرت کو بھی سنوار دے، جس کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے *

اللَّهُمَّ مَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَعُقُولِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا ۞

وَاجْعَلْهُ الوَارِثَ مِنَّا ۞ وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا ۞

اے اللہ ! جب تک تو ہمیں زندہ رکھے، ہمیں ہماری سماعت، بصارت، عقل اور قوت سے فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرما * اور اسے ہمارا وارث بنا دے * اور جن لوگوں نے ہم پر ظلم کیا ہے، ان سے ہمارا بدلہ لے، اور جو لوگ ہم پر ظلم و زیادتی کرتے ہیں، ان کے مقابلے میں ہماری مدد فرما *

وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا *
وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا * وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا *
وَاجْعَلِ الحَيَاةَ زِيَادَةً لَنَا فِي كُلِّ خَيْرٍ *
وَالمَمَاتَ رَاحَةً لَنَا مِنْ كُلِّ شَرٍّ *

اے اللہ ! ہماری مصیبت ہمارے دین میں نہ ہو * اور دنیا کو ہماری سب سے بڑی فکر نہ بنا، نہ ہی اسے ہماری انتہائے علم و فکر کا محور بنا * اور ہماری زندگی کو ہمارے لیے ہر خیر میں اضافہ کا ذریعہ بنا * اور ہماری موت کو ہمارے لیے ہر شر سے راحت کا سبب بنا *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ حُسْنَ الخِتَامِ * وَالوَفَاةَ عَلَى الإِسْلَامِ *
وَأَنْ تَجْعَلَ آخِرَ كَلَامِنَا مِنَ الدُّنْيَا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ *

اے اللہ ! ہم تجھ سے حسنِ خاتمہ کا سوال کرتے ہیں * اور یہ کہ ہمیں اسلام کی حالت میں موت نصیب فرما * اور اس دنیا میں ہمارے آخری کلمات ''لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ'' ہوں *

اللَّهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ * وَلَا عَيْبًا إِلَّا سَتَرْتَهُ *
وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ * وَلَا كَرْبًا إِلَّا كَشَفْتَهُ * وَلَا دَيْنًا إِلَّا قَضَيْتَهُ *
وَلَا مَرِيضًا إِلَّا شَفَيْتَهُ * وَلَا ضَالًّا إِلَّا هَدَيْتَهُ *

اے اللہ ! ہمارا کوئی گناہ ایسا نہ چھوڑ جسے تو بخش نہ دے * اور کوئی عیب ایسا نہ چھوڑ جس کی تو پردہ پوشی نہ فرما دے * اور کوئی فکر و پریشانی ایسی نہ چھوڑ جسے تو دور نہ فرما دے * اور کوئی رنج و مصیبت ایسی نہ چھوڑ جسے تو رفع نہ فرما دے * اور کوئی قرض ایسا نہ چھوڑ جسے تو ادا نہ فرما دے * اور کوئی بیمار ایسا نہ چھوڑ جسے تو شفا نہ عطا فرما دے * اور کوئی بھٹکا ہوا ایسا نہ چھوڑ جسے تو ہدایت نہ دے *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنَ الهَمِّ وَالحَزَنِ *
وَنَعُوذُ بِكَ مِنَ العَجْزِ وَالكَسَلِ *
وَنَعُوذُ بِكَ مِنَ الجُبْنِ وَالبُخْلِ *
وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ *

اے اللہ ! ہم پریشانی و غم سے تیری پناہ مانگتے ہیں *
اور عاجز رہ جانے اور سستی سے تیری پناہ مانگتے ہیں *
اور بزدلی اور بخل سے تیری پناہ مانگتے ہیں *
اور تیری پناہ چاہتے ہیں قرضے اور ظالموں کے غلبے سے *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنَ الفِتَنِ * مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ *

اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الدُّنْيَا وَمِنْ عَذَابِ القَبْرِ *

وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ المَحْيَا وَالمَمَاتِ *

وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ المَسِيحِ الدَّجَّالِ *

اے اللہ ! ہم ظاہری اور باطنی تمام فتنوں سے تیری پناہ مانگتے ہیں * اے اللہ ! ہم دنیا کے عذاب اور عذابِ قبر سے تیری پناہ مانگتے ہیں * ہم زندگی اور موت کے آزمائشوں سے تیری پناہ مانگتے ہیں * اور ہم دجال کے فتنے سے تیری پناہ مانگتے ہیں *

اللّٰهُمَّ آتِ نُفُوسَنَا تَقْوَاهَا *

وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا *

أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا *

اے اللہ ! ہماری روحوں کو تقویت عطا فرما *

اور انہیں پاکیزگی عطا فرما، بے شک تو سب سے بہتر پاکیزگی عطا فرمانے والا ہے *

تو ہی ان کا مولیٰ اور نگہبان ہے۔

يَا مُقَلِّبَ القُلُوبِ وَالأَبْصَارِ * ثَبِّتْ قُلُوبَنَا عَلَى دِينِكَ وَطَاعَتِكَ *

اے دلوں اور آنکھوں کو پھیرنے والے ! *

ہمارے دلوں کو اپنے دین اور اپنی اطاعت پر ثابت قدم رکھ *

اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ * وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ *
وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ * وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ الكَرِيمِ *
وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فِي الْجَنَّةِ *

اے اللہ ! ہم تجھ سے ایسا ایمان مانگتے ہیں جو متزلزل نہ ہو * ایسی نعمت مانگتے ہیں جو کبھی ختم نہ ہو * اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتے ہیں جو کبھی منقطع نہ ہو * تیرے وجہِ کریم کے دیدار کی لذت مانگتے ہیں * اور جنت میں تیرے نبی، ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کی رفاقت مانگتے ہیں *

يَا أَمَانَ الْخَائِفِينَ آمِنْ خَوْفَنَا *
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ارْحَمْ ضَعْفَنَا *

اے خوف زدہ لوگوں کی پناہ گاہ ! ہمارے خوف کو دور فرما *
اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ! ہماری کمزوری پر رحم فرما *

اللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ أَعْمَالَنَا * وَأَصْلِحْ أَحْوَالَنَا *
اللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنَّا وَعَنْ جَمِيعِ الْمُسْلِمِينَ *
مَا أَهَمَّهُمْ وَأَغَمَّهُمْ * بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ *

اے اللہ ! ہمارے اعمال کو قبول فرما * اور ہمارے احوال کو درست فرما *
اے اللہ ! ہمیں اور تمام مسلمانوں کو ان تمام فکروں اور پریشانیوں سے نجات عطا فرما جو انہیں لاحق ہیں *
اپنی رحمت سے، اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ! *

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَنَا مَا قَدَّمْنَا وَمَا أَخَّرْنَا ٭
وَمَا أَسْرَرْنَا وَمَا أَعْلَنَّا ٭ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنَّا ٭

اے اللہ ! ہمارے ان اعمال کو بھی معاف فرما دے جو ہم نے کیے اور جو ہم نے ترک کیے * جو چھپ کر کیے اور جو علانیہ کیے * اور جنہیں تو ہم سے زیادہ جانتا ہے *

أَنْتَ المُقَدِّمُ وَأَنْتَ المُؤَخِّرُ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ٭

تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے، اور تو ہر چیز پر قادر ہے *

وَاغْفِرْ اللَّهُم لَنَا وَلِوَالِدِينَا وَلِمَشَايِخِنَا ٭ وَلِأَصْحَابِ الحُقُوقِ عَلَيْنَا ٭
وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ٭ الأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالأَمْوَاتِ ٭
إِنَّكَ يَا مَوْلَانَا سَمِيعٌ قَرِيبٌ مُجِيبٌ لِلدَّعَوَاتِ ٭

اے اللہ ! ہمیں، ہمارے والدین کو، ہمارے اساتذہ کو * اور ان تمام لوگوں کو جن کے ہمارے اوپر حقوق ہیں* نیز تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں کو* خواہ وہ زندہ ہوں یا وفات پا چکے ہوں، بخش دے* بے شک اے ہمارے رب ! تو خوب سننے والا، نہایت قریب اور دعاؤں کو قبول فرمانے والا ہے۔

يَا وَدُودُ يَا وَدُوْدُ ٭ يَا ذَا العَرْشِ المَجِيدِ ٭ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ ٭

اے سب سے بڑھ کر محبت فرمانے والے ! اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ! * اے عرشِ عظیم کے مالک ! * اے پیدا کرنے والے ! اے دوبارہ پیدا فرمانے والے !

أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الذِي مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ *
وَبِقُدْرَتِكَ التي قَدَرْتَ بِهَا عَلَى جَمِيعِ خَلْقِكَ *
وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ * لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ *
يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي * يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي * يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي *

میں تجھ سے تیرے وجہِ انور کے اُس نور کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں، جس سے تیرے عرش کے گوشے روشن ہیں * اور تیری اُس قدرت کے وسیلے سے جس کے ذریعے تو اپنی تمام مخلوق پر حکم فرماتا ہے * اور تیری اُس رحمت کے وسیلے سے جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے * تیرے سوا کوئی معبود نہیں * اے مددگار! میری مدد فرما * اے مددگار! میری مدد فرما * اے مددگار! میری مدد فرما! *

اللَّهُمَّ فَارِجَ الهَمِّ * كَاشِفَ الغَمِّ * مُجِيبَ دُعَاءِ المُضْطَرِّ *
رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَرَحِيمَهُمَا * أَنْتَ تَرْحَمُنَا *
فَارْحَمْنَا رَحْمَةً تُغْنِينَا بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ *

اے اللہ! فکروں کو دور فرمانے والے * غموں کو زائل فرمانے والے * مظلوموں کی دعائیں قبول فرمانے والے * دنیا و آخرت میں سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے اور نہایت مہربان! * ہم پر رحم فرما * ہم پر ایسی رحمت فرما جو ہمیں تیرے سوا ہر ایک کی رحمت سے بے نیاز کر دے *

اللَّهُمَّ ارْحَمْنَا فَإِنَّكَ بِنَا رَحِيمٌ *
وَلَا تُعَذِّبْنَا فَإِنَّكَ عَلَيْنَا قَدِيرٌ *
وَالْطُفْ بِنَا فِيمَا جَرَتْ بِهِ المَقَادِيرُ *

اے اللہ! ہم پر رحم فرما، بے شک تو ہی ہم پر رحم فرمانے والا ہے * ہمیں عذاب نہ دے، بے شک تو ہم پر پوری قدرت رکھتا ہے * اور جو تقدیر کے فیصلے تو ہمارے حق میں فرمائے، ان میں ہمارے ساتھ لطف و کرم فرما *

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ ۞ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيثُ ۞

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اے قائم رکھنے والے * تیری رحمت کے ساتھ ہی ہم مدد مانگتے ہیں *

اللَّهُمَّ إِنا نَسْأَلُكَ مِن خَيْرٍ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ ۞ وَنَعُوذُ بِكَ مِن شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ ۞

اے اللہ! ہم تجھ سے اس خیر کا سوال کرتے ہیں جس کا تیرے بندے اور نبی، ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ نے تجھ سے سوال کیا، * اور ہم اس شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں جس سے تیرے بندے اور نبی، ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ نے تیری پناہ مانگی *

اللَّهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً ۞ وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا ۞
عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمدٍ الَّذِي تَنْحَلُّ بِهِ العُقَدُ ۞ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الكُرَبُ ۞
وَتُقْضَى بِهِ الحَوَائِجُ ۞ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الخَوَاتِيمِ ۞
وَيُسْتَسْقَى الغَمَامُ بِوَجْهِهِ الكَرِيمِ ۞ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ ۞

اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر ایسی کامل رحمتیں نازل فرما اور مکمل سلامتی عطا فرما * جن کے وسیلے سے گرہیں کھولی جاتی ہیں، پریشانیاں دور کی جاتی ہیں * حاجتیں پوری ہوتی ہیں * مرادیں برآتی ہیں اور حسنِ خاتمہ نصیب ہوتا ہے، * اور جن کے چہرۂ انور کے وسیلے سے بادلوں سے بارش طلب کی جاتی ہے * اور آپ ﷺ کی آل اور صحابۂ کرام پر بھی سلامتی نازل فرما *

اللّٰهُم صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَشْفِينَا ⁕
وَسَلِّمْ عَلَيْهِ سَلَامًا يُدَاوِينَا ⁕

اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر ایسی رحمتیں نازل فرما جو ہمیں شفا عطا فرمائیں * اور ایسی سلامتی عطا فرما جو ہمارے لیے باعثِ علاج ہو *

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ ⁕
يَا مُحَمَّدُ إِنِّي أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلى رَبِّي أَنْ يَسْتَجِيبَ دُعَائِي ⁕
اللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ ⁕

اے اللہ ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف تیرے نبی، ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ، جو نبیِ رحمت ہیں، کے وسیلے سے رجوع کرتا ہوں * اے محمد ﷺ ! میں آپ ﷺ کے توسل سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ وہ میری دعا قبول فرمائے * اے اللہ ! انہیں میری شفاعت کرنے کی اجازت عطا فرما *

﴿ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ
يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴾

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر *
اے ایمان والو ! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو.

اللَّهُمَّ صَلِّ عَلى سَيِّدِنَا مُحمدٍ * عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ * النَّبِيِّ الأُمِّيِّ *
وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا
بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ فِي كُلِّ وَقْتٍ وَحِين *

اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ جو تیرے بندے اور تیرے رسول * اُمّی نبی ہیں، پر رحمتیں نازل فرما * اور ان کی آل اور صحابۂ کرام پر بھی، اور انہیں تیری عظمت کے شایانِ شان ہر وقت اور ہر حال میں سلامتی عطا فرما *

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ *
وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ * وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ *

پاکی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان کی باتوں سے *
اور سلام ہے پیغمبروں پر * اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہاں کا رب ہے ۔

---

Damas Cultural Society 2026 * الصحبة الثقافية «التين» لحفظ العلوم الدين

*Edited and translated by Damas Cultural Society*
*Last edit: 15th September 2026*